10888-کیا "انہ علی رجعہ لقادر" گم شدہ چیز واپس لے آتا ہے

سوال

اگر انسان کی کوئی چیز گم ہو جائے تو وہ دو سو مرتبہ "انہ علی رجعہ لقادر" پڑھے تو اس کی گمشدہ چیز واپس آتی ہی یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اس کا نہ تو کتاب اللہ میں ثبوت ملتا ہے، اور نہ ہی کسی صحیح حدیث میں، اور نہ ہی یہ ان عام اسباب میں شامل ہے جس سے گمشدہ چیز واپس آ جاتی ہے، بلکہ یہ تو قرآن کا وہ استعمال ہے جس کے لیے یہ نازل نہیں ہوا، اور اس کے ساتھ اس میں ایک معین تعداد بھی ہے، اور اس کی تحدید ایک توقیفی امر ہے جو عقل سے پہچانی نہیں جاتی.

تو اس طرح اس کا استعمال بدعت ہوگا، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام نکالا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے"

اسے بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.